

مقدس سے روشنی
سبق 8
18 تا 24 مئی




ہمارا ایسا سردار کاہن ہے جو
آسمانوں پر کبریا کے تخت
کی دہنی طرف جا بیٹھا۔ اور
مقدس اور اُس حقیقی خیمہ
کا خادم ہے جسے خُداوند نے
کھڑا کیا ہے نہ کہ انسان
نے" (عبرانیوں
8:1،2)۔

جب یسوع مسیح کی آمدثانی 1844 میں نہیں ہوئی، جیسا کہ 70 ہفتےاور2300 دنوں کی پیشنگوئی سے ظاہر ہوتا تھا، اب اس پیشنگوئی پر نظرثانی کرنا ضروری تھااورانہوں نے ایسا ہی کیا:

مقدس کی صفائی یسوع مسیح کی دوسری آمد نہیں تھی۔ اگر دانی ایل8:14اوردانی ایل 7: 9۔10 ایک ہی واقعہ کے متعلق بتایا ہے تو کس مقدس کو پاک کرنے کی ضرورت ہے؟دوسری جانب1844 میں کونسا مقدمہ شروع ہو سکتا تھا؟

- حقیقی مقدس
- پاک کیاجانا
- عدالت
- رحم اورانصاف
- وکیل اورشفاعت کرنے والا



# حقیقی مقدس

"اور مقدس اور اُس حقیقی خیمہ کا خادم ہے جسے خُداوند نے کھڑا کیا ہے نہ کہ انسان نے" (عبرانیوں 2:8)





جس مقدس کو پاک کرنا تھا اگر وہ زمین پر نہیں تھا تو کہاں تھا؟

بائبل کا مطالعہ کرتے ہوئے، ایڈونٹسٹ نے 1844 کی مایوسی کے بعد دریافت کیا کہ مقدس دو ہیں:

ایک زمینی مقدس، جو حقیقی کی شکل اور سایہ ہے (عبرانیوں 5:8)۔

ایک آسمانی مقدس جس کا بنانے والا خود خُدا ہے (عبرانیوں 2:8)۔



پہلا مقدس اور اُس کے بعد ہیکل جو 70 اے ڈی تھی، اُسی نمونے کے مطابق بنائی گئی تھی جو خُدا نے موسیٰ کو دکھایا تھا (خروج 40:25)۔ ان میں حقیقی برہ اور سردار کاہن کی نمائندگی کی گئی تھی: یسوع مسیح (یوحنا 36:1؛ عبرانیوں 14:4)۔



سب سے پہلے یسوع مسیح نے ہمارے گناہوں کے دور کرنے کے لئے اپنے آپ کو ہمارے لئے پیش کر دیا (رومیوں 8:5) اور دوسرا وہ ہمیں ہمارے گناہوں کے تسلط سے آزاد کرنے اور ہماری نجات کو محفوظ رکھنے کے لئے ہماری شفاعت کرتا ہے

(عبرانیوں 25:7)۔



# مقدس کا پاک کیا جانا



"اور بنی اسرائیل کی ساری نجاستوں اور گناہوں اور خطاؤں کے سبب سے پاکترین مقام کے لئے کفارہ دے اور ایسا ہی وہ خیمہ اجتماع کے لئے بھی کرے جو اُن کے ساتھ اُن کی نجاستوں کے درمیان رہتا ہے" (احبار 16:16)۔

اگرچہ اسرائیلیوں کو ان کی قربانیاں پیش کرنے سے معاف کر دیا گیا تھا، لیکن ان کا جرم مقدس میں منتقل کر دیا گیا تھا۔ لہذا اس کا پاک ہونا ضروری تھا۔ یہ کفارہ کے دن ہوا، جسے آج بھی عبرانیوں میں عدالت کے دن کے طور پر جانا جاتا ہے۔



ہر ایک کو اپنی روح کو دکھ پہنچانا تھا (احبار 27:23)۔



کوئی سیکولر سرگرمیاں نہیں کی گئیں (احبار 28:23)۔



سردار کاہن خُدا کے حضور میں داخل ہوتا تھا (احبار 13،12:16)۔



عہد کا صندوق، پردہ اور سونے کی قربان گاہ کو بکرے کے خون سے پاک کیا جاتا تھا (احبار 16: 33؛19-15)۔



ایک اور زندہ بکرا بدکاریوں کو بیابان میں لیجاتا تھا (احبار 16: 22-20)۔



آخر کار وہ گناہ سے پاک ہو جاتے تھے (احبار 30:16)۔

اگر کوئی اس دن غمگین نہیں ہوا، اپنے گناہوں سے توبہ نہیں کرتا ہے، تو انہیں خُدا کے لوگوں سے کاٹ ڈالا جاتا تھا (احبار 30:29،30)۔ اُس دن اُس کی قسمت پر مہر لگ جاتی تھی۔ بالکل اسی طرح جب آسمانی مقدس کو پاک کرنا مکمل ہو جائے گا تو ہماری بھی قسمت کا فیصلہ ہو جائے گا۔ اس دوران آج ہمیں اپنی روحوں کو تکلیف دینے کا وقت ہے، آج فیصلہ کرنے کا وقت ہے (عبرانیوں 15،14:3)۔






# عدالت

"اور اُس نے بڑی آواز سے کہا کہ خُدا سے ڈرو اور اُس کی تمجید کرو کیونکہ اُس کی عدالت کا وقت آ پہنچا ہے اور اُسی کی عبادت کرو جس نے آسمان اور زمین اور سمندر اور پانی کے چشمے پیدا کئے" (مکاشفہ 7:14)۔

پیشنگوئی کے مطابق، آسمانی مقدس کو پاک کیا جانا۔۔۔ یہ عدالت ہے۔۔۔ جس کا آغاز 1844 میں ہوا۔ اُس وقت سے ایڈوینٹسٹ کلیسیا نے بلند آواز یہ منادی کی ہے کہ عدالت کا وقت آ پہنچا ہے اور ہر ایک کو خُدا کی عبادت کرنے اور خُدا کے احکام کے مطابق زندگی بسر کرنے کی دعوت دے رہی ہے۔






## کیا یسوع مسیح کی آمد ثانی پر عدالت نہیں ہو گی؟ (1 تواریخ 2:33:16 تیمتھیس 1:4)؟

جب یسوع مسیح آئے گا، وہ پہلے سے کی گئی عدالت پر عمل کرے گا، کیونکہ وہ اجر دینے کے لئے آ رہا ہے تاکہ ہر ایک کو اُس کے کیے کے مطابق بدلہ دے (مکاشفہ 12:22)۔ وہ اپنے فرشتوں کو برگزیدوں کو جمع کرنے کے لئے بھیجے گا (متی 31:24) اور اُن لوگوں کو زندہ کرے گا جو اُس پر ایمان رکھتے ہیں (1 تھسلنیکیوں 16:4)۔ یاد رکھیں یسوع مسیح اپنی آمد پر اُن ناراستوں کو زندہ نہیں کرے گا لہٰذا اُن کی اُس وقت عدالت نہیں ہو گی (مکاشفہ 5،4:20)۔

# رحم اور انصاف

"یوں تخت رحمت سے قائم ہو گا اور ایک شخص راستی سے داؤد کے خیمہ میں اُس پر جلوس فرما کر عدل کی پیروی کرے گا اور راست بازی پر مستعد رہے گا" (یسعیاہ 5:16)۔



عہد کے صندوق میں رکھے 10 احکام عدالت اور انصاف کے معیار کی نمائندگی کرتے ہیں (واعظ 12:13،14) شریعت اور خُدا کی حضوری کے درمیان رکھی گئی رحم کی کرسی رحمت الٰہی کی نمائندگی کرتی تھی (1 یوحنا 2:1،2)۔

**اُس کا خون سوختنی قربانیوں کی قربان گاہ پر چھڑکا جاتا تھا۔**



آسمانی مقدس کا راستہ یسوع مسیح کی قربانی کو قبول کرنے سے شروع ہوتا ہے۔

**اُس کا خون بخور کی قربان گاہ پر چھڑکا جاتا تھا۔**



مسیح کے ساتھ رفاقت میں زندگی جاری رکھیں۔

**اُس کا خون عہد کے صندوق کے سامنے پردے پر چھڑکا جاتا تھا۔**




اور یہ اُس وقت ختم ہوتا ہے جب ہمارا مقدمہ جج کے سامنے پیش ہوتا ہے۔

انصاف کے لئے شریعت کی پاسداری ضروری ہے۔ مہربانی ہماری جگہ یسوع کی کامل زندگی کو قبول کرتی ہے (1 پطرس 1:18،19)۔ "اسی سبب سے محبت ہم میں کامل ہو گئی ہے تاکہ ہمیں عدالت کے دن دلیری ہو کیونکہ جیسا وہ ہے ویسے ہی دنیا میں ہم بھی ہیں" (1 یوحنا 4:17)۔



# وکیل اور شفاعت کرنے والا

"اس لئے جواُس کے وسیلہ سے خُدا کے پاس آتے ہیں وہ انہیں پوری پوری نجات دے سکتا ہے کیونکہ وہ اُن کی شفاعت کے لے ہمیشہ زندہ ہے" (عبرانیوں 25:7)۔







یسوع مسیح کی زندگی نے خُدا کی محبت کو ایک محتاج دنیا اور دیکھنے والی کائنات پر ظاہر کیا۔ اُس کی موت نے گناہ کے گھناؤنے پن کو ظاہر کیا اور تمام انسانیت کے لئے نجات فراہم کی۔ آسمانی مقدس میں اس کی شفاعت ہر ایک کو کفارہ کے فوائد فراہم کرتی ہے جو ان کو حاصل کرنے کے لئے ایمان کے ساتھ پہنچتا ہے۔

ہماری زندگی میں اور یقیناً عدالت کے وقت یسوع مسیح ہمارا وکیل ہے (1 یوحنا 1:2)۔





آسمانی مقدس میں یسوع مسیح کی خدمت ہمیں سکھاتی ہے:

- نجات کے منصوبے کی واضح وضاحت
- خُدا کی شریعت کے تقاضے
- ہماری نجات کی لامحدود قیمت
- وہ راستہ جو یسوع مسیح نے باپ تک پہنچانے کے لئے کھولا
- اعتماد کے ساتھ خُدا تک پہنچنے کے قابل ہونے کی خوداعتمادی

بہت جلد عدالت کا خاتمہ ہو جائے گا اور یسوع مسیح "دوسری بار بغیر گناہ کے نجات کے لئے اُن کو دکھائی دے گا جو اُس کی راہ دیکھتے ہیں" (عبرانیوں 28:9)۔

"حقیقت یہ ہے کہ خُدا کے وفادار لوگوں کو گندے لباس میں خُداوند کے سامنے کھڑے ہونے کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ ان تمام لوگوں کو جو خُدا کے لوگ ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں، انہیں عاجز بننا اور دلی طور پر اُسے حاصل کرنا چاہیئے۔ جو لوگ سچائی کی پیروی کر کے خود کو پاک کر رہے ہیں وہ اپنے بارے میں انتہائی شائستہ رائے رکھتے ہوں گے۔ وہ مسیح کے بے داغ کردار کو جتنا قریب سے دیکھیں گے، اُس کی مانند بننے کی اُن میں خواہش اتنی ہی مضبوط ہو گی، اور وہ اپنے آپ میں پاکیزگی اور تقدس ڈھونڈنے کی اتنی ہی کم کوشش کریں گے۔ یوں ہمیں اپنی گناہ کی حالت کا احساس ہونا چاہیئے، ہمیں مسیح پر اپنی راستبازی، تقدس اور اپنے نجات دہندہ کے طور پر اُس پر بھروسہ کرنا ہے۔ ہم اپنے خلاف شیطان کے الزامات کا جواب نہیں دے سکتے۔ صرف مسیح ہی ہماری طرف سے ایک موثر جواب دے سکتا ہے۔ وہ الزام لگانے والے کو ہماری خوبیوں کی بنیاد پر نہیں بلکہ اپنے کام کی بنا پر اپنے دلائل سے خاموش کروا سکتا ہے"

(تیسٹی مونیز فار دی چرچ، والیم 5 صفحات 471، 472)۔

"روز عدالت میں مسیح کا ہمارے لئے کام اور ہمارے کردار کو یہاں کیسے بیان کیا گیا ہے؟

"یسوع مسیح انہیں گناہ سے بری اقرار دیتا بلکہ اُن کی توبہ اور اُن کے ایمان کو دکھاتا ہے اور اُن کی معافی کا دعویٰ کرتا ہے۔ وہ اپنے زخمی ہاتھ باپ اور مقدس فرشتگان کے حضور یہ کہتے ہوئے کھڑے کرتا ہے۔" میں نے اپنے ہاتھوں پر اُن کے نام کندہ کر رکھے ہیں" "شکستہ روح خُدا کی قربانی ہے۔ اب خُدا تو شکستہ اور رخستہ دل کو حقیر نہ جانے گا" (زبور 17:51)۔ اور اپنے پر الزام لگانے والے کو کہتا ہے۔ "اے شیطان خُداوند تجھے ملامت کرے" (عظیم کشمکش صفحہ 484)۔

"اب ہم کفارہ کے عظیم دن میں رہ رہے ہیں۔ زمینی ہیکل میں نمونہ کی خدمت میں جب سردار کاہن بنی اسرائیل کے لئے کفارہ کی رسم ادا کرتا تھا تو سب کے لئے یہ لازم تھا کہ وہ گناہوں سے توبہ کر کے اپنی روحوں کو دُکھ دیں اور خُداوند کے حضور فروتن ہوں۔ اُسی طرح وہ سب جن کے نام زندگی کی کتاب میں باقی ہیں اب وہ ان تھوڑے سے باقی جو دن رہ گئے ہیں اُن میں اپنی روحوں کو دکھ دیں اور خُدا کے حضور گناہوں سے سچی توبہ کریں" (عظیم کشمکش صفحات 489،490)۔